# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی**

کورس: اردو زبان: تشکیل وارتقا (9002) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 زبان کی تعریف کریں اور زبانوں کے خاندان کی تفصیل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 فارسی زبان نے اردو پر کس حد تک اثرات مرتب کیے؟ جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 3 اُردو زبان کے عہد بہ عہد مختلف ناموں کا اختصار سے جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4 اُردو کے آغاز کے ان نظریات کو اختصار سے بیان کریں، جن میں اُردو کی پیدائش کسی علاقے سے منسوب کی جاتی ہے۔ (20)

سوال نمبر 5 صوفیا کے اقوال اور ملفوظات کی روشنی میں ہندوی زبان کی نشو ونما کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 6 تا 9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 بہمنی دور حکومت میں اُردو زبان کے فروغ کی تفصیل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2 ''تحریکِ نفاذِ اُردو اور پاکستان'' کے زیرِ عنوان مدلل بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3 اُردو اور پاکستان زبانوں کے درمیان تہذیب روابط کی نشان دہی کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4 رابطہ زبان کی حیثیت سے اُردو کا پاکستان میں کیا کردار ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5 اُردو کی بطور ذریعۂ تعلیم ماضی میں کیا حیثیت رہی اور حال میں کیا کیفیت ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)